سوال

(849) کیا بعض احادیث کا قرآن سے یا باہم تعارض ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کتنی حدیثیں ایسی ہیں اور کون کون سی ہیں جو بہ ظاہر قرآن کی کسی آیت یا آپس میں ٹکراتی ہوں؟ قرآن اور حدیث کا حوالہ دے کر بتائیں۔ (سائل) (۲۰۔ اپریل ۲۰۰۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کوئی ایسی صحیح حدیث نہیں جو قرآن سے ٹکراتی ہو۔ امام ابن خزیمہ نے فرمایا تھا اگر کوئی ایسا محسوس کرتا ہے تو میرے پاس آئے میں اس کا حل پیش کروں گا۔

بہ ظاہر آپس میں متعارض احادیث خاصی تعداد میں ہیں البتہ محدثین کرام رحمہم اللہ نے ان احادیث کی اُن کے محل اور مقام کے مطابق شرح کر کے، اُن کے صحیح معانی بیان کر کے تعارض رفع کیا ہے۔ کتب احادیث کی طرف مراجعت کریں حقیقت حال واضح ہو جائے گی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، متفرقات: صفحہ: 575

محدث فتویٰ